
# پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد (51.5%) کے مطابق فلسطین میں موجودہ تنازع کے حوالے سے معلومات حاصل کرنے کا سب سے اہم ذریعہ سوشل میڈیا ہے، یہ شرح دیگر مسلم ممالک کی اوسطاً شرح (50.9%) کے قریب ترین ہے۔






برائے مہربانی بتائیں کہ فلسطین میں جاری واقعات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا آپ کا سب سے اہم ذریعہ کونسا ہے ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**بین الاقوامی**

اسرائیل/فلسطین

## پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد (51.5%) کے مطابق فلسطین میں موجودہ تنازعے کے حوالے سے معلومات حاصل کرنے کا سب سے اہم ذریعہ سوشل میڈیا ہے، یہ شرح دیگر مسلم ممالک کی اوسطاً شرح (50.9%) کے قریب ترین ہے ۔


**(گیلپ پاکستان اور واپور وانا سروے 2024)،**

(اسلام آباد)، 30 اکتوبر، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد (51.5%) کے مطابق فلسطین میں موجودہ تنازعے کے حوالے سے معلومات حاصل کرنے کا سب سے اہم ذریعہ سوشل میڈیا ہے، یہ شرح دیگر مسلم ممالک کی اوسطاً شرح (50.9%) کے قریب ترین ہے ۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے لیے فلسطین میں جاری واقعات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا سب سے اہم ذریعہ کونسا ہے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 51.5% جوابدہندگان کے مطابق اُن کیلئے فلسطین میں جاری واقعات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا سب سے اہم ذریعہ ''سوشل میڈیا'' ہے، 27.8% جوابدہندگان کے مطابق اُن کیلئے معلومات حاصل کرنے کا سب سے اہم ذریعہ ''مقامی ٹی وی چینلز'' ہیں، جبکہ 18.3% جوابدہندگان کے مطابق اُن کیلئے معلومات حاصل کرنے کا سب سے اہم ذریعہ ''خاندان اور دوست احباب'' ہیں، تاہم 2.2% جوابدہندگان کے مطابق اُن کیلئے فلسطین میں جاری واقعات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا سب سے اہم ذریعہ ''بین الاقوامی ٹی وی چینلز'' ہیں۔

**" برائے مہربانی بتائیں کہ فلسطین میں جاری واقعات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا آپ کا سب سے اہم ذریعہ کونسا ہے ؟"**




*Source: Gallup Pakistan & WAPOR WANA Survey 2024*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**سروے کے نتائج کا دیگر مسلم ممالک کے نتائج سے موازنہ :** اوسطاً، مسلم ممالک میں 26.6% افراد فلسطین میں جاری واقعات کے حوالے سے تازہ ترین معلومات حاصل کرنے کیلئے ”مقامی ٹی وی چینلز“ پر انحصار کرتے ہیں۔ پاکستان میں فلسطین کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے مقامی ٹی وی چینلز پر انحصار کرنے والوں کی شرح اس (یعنی مسلم ممالک کی) اوسطاً شرح سے تھوڑی زیادہ 27.8% دیکھنے میں آئی، جبکہ لبنان میں اس حوالے سے شرح سب سے زیادہ 67.8% پائی گئی۔ اسی دوران، مسلم ممالک میں اوسطاً 34.3% افراد فلسطین کے موجودہ حالات کے حوالے سے آگاہی حاصل کرنے کیلئے ”بین الاقوامی چینلز“ کا استعمال کرتے ہیں، اس حوالے سے لبنان 74.7% شرح کے ساتھ سرفہرست رہا، جبکہ پاکستان میں فلسطین کے موجودہ حالات کے حوالے سے آگاہی حاصل کرنے کیلئے بین الاقوامی چینلز کا استعمال کرنے والے افراد کی شرح سب سے کم 2.2% دیکھنے میں آئی۔ ”سوشل میڈیا“ کے ذریعے فلسطین کی معلومات حاصل کرنے کے حوالے سے، مسلم ممالک میں اوسطاً شرح 50.9% پائی گئی، جو کہ پاکستان میں سوشل میڈیا کے ذریعے معلومات حاصل کرنے والے افراد کی 51.5% شرح کے قریب ترین ہے۔ معلومات حاصل کرنے کیلئے سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والوں کی سب سے زیادہ شرح فلسطین میں 60.6% پائی گئی۔ اس کے علاوہ، وہ افراد جو فلسطین میں جاری واقعات کے بارے میں معلومات خاندان اور دوست احباب سے حاصل کرتے ہیں مسلم ممالک میں اُن افراد کی اوسطاً شرح 26.2% پائی گئی۔ لبنان میں اس حوالے سے شرح سب سے کم دیکھنے میں آئی جو کہ 0.5% رہی۔ جبکہ، پاکستان میں بھی اس حوالے سے شرح اوسط سے کم 18.3% پائی گئی۔

| | Local TV Channels | International TV Channels | Social Media | Family and friends |
|---|---|---|---|---|
| Iraq | 23.4% | 13.1% | 49.1% | 26.2% |
| Jordan | 26.5% | 46.8% | 42.7% | 14.8% |
| Libya | 13.7% | 33.9% | 45.6% | 13.2% |
| Palestine | 8.2% | 39% | 60.6% | 20.2% |
| Kuwait | 30.5% | 40.3% | 59.7% | 43.6% |
| Pakistan | 27.8% | 2.2% | 51.5% | 18.3% |
| Lebanon | 67.8% | 74.7% | 35.7% | 0.5% |
| Syria | 22.6% | 46.3% | 60.1% | 37.2% |
| Egypt | 19% | 12.6% | 53.1% | 61.8% |
| AVG | 26.6% | 34.3% | 50.9% | 26.2% |

*Source: Gallup Pakistan & WAPOR WANA Survey 2024*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1000 خواتین اور مرد حضرات سے 12th ستمبر تا 3rd اکتوبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 30th October 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)